مولانا حافظ محمد ابراہیم فانیؔ
مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

ہے غلامی تری حریت کی سند
تیرے جود و کرم کی نہیں کوئی حد
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

تیری صورت حسیں تیری سیرت حسیں
نقشِ حسن ازل عکسِ حسنِ ابد
دلکش و دلکشا دلربا دلنشیں
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

حاصلِ کن فکاں تاجدارِ امم
رحمتِ دوجہاں نازنینِ صمد
آپ جیسا کہاں سیّدِ محترم
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

شاہِ عالی نسب تو ہے محبوبِ رب
آپ پر میں فدا میرے اب میرے جَد
اے امامِ عجم اے امیرِ عرب
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

کیسے تشبیہ دوں میں تو حیران ہوں
تیرے اوصاف لاانتہاء بے عدد
آپ ہی کو فقط آپ جیسا کہوں
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

یہ صدائیں مری التجائیں مری
بارگاہِ احد میں نہیں مسترد
آپ کے واسطے سے دعائیں مری
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

نعت لکھنے کا مجھ میں سلیقہ کہاں
شانِ اعلیٰ تری ماورائے خرد
عقل وادیٔ حیرت میں ہے سرگراں
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام

عشقِ خیرالوریٰ حبِّ خیرالبشرؐ
بس یہ فانیؔ مری شمعِ تیرہ لحد
ہے مرا زادِ راہ میرا زاد سفر
تجھ پہ ہردم درود تجھ پہ بے حد سلام